ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

mpchs

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

Ref No. MP/MC/IG/TG/MG/ROS/NL
Date: 04-02-2019

ملٹی نیوز لیٹر
فروری 2019

معزز ممبران السلام علیکم!

مورخہ **17** دسمبر **2018**ء بروز سوموار **''ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد''** کی سکیم ''ملٹی گارڈنز سکیم **B-17**'' کے بلاک **E** کے مرکز میں ممبران کا **سالانہ اجلاس عام (AGM)** منعقد ہوا۔ اس اجلاسِ عام میں سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ چھٹی کا دن نہ ہونے کے باوجود لوگ اپنی فیملی کے ہمراہ صبح سے ہی آنا شروع ہو گئے تھے۔ اجلاس کے شروع ہونے کا وقت **12:30** بجے مقرر کیا گیا تھا۔ ایک میلے کا سماں تھا۔ پنڈال کے باہر بہت سارے ڈیلر حضرات نے اپنے اپنے سٹال لگائے ہوئے تھے۔ جہاں سے وہ آنے والے ممبران کو مختلف تحائف پیش کر رہے تھے۔ یوں محسوس ہوتا تھا کہ یہ ایک میلہ یا کوئی فیملی تقریب ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق **1000** سے زائد گاڑیاں اور سینکڑوں موٹر سائیکلوں پر لوگ تشریف لائے۔ سوسائٹی نے ممبران کی آسانی کیلئے **GPO**، صدر راولپنڈی۔ بیریئر نمبر **3** واہ کینٹ اور ملٹی مینشن **G-8** مرکز اسلام آباد ہیڈ آفس سے اسپیشل بسوں کا انتظام کیا ہوا تھا تاکہ ممبران باآسانی سالانہ اجلاس عام میں شریک ہوسکیں۔ ملٹی گارڈنز سکیم **B-17** کی خوبصورت سجاوٹ اور سرسبز وشاداب ماحول نے اس تقریب کا رنگ دوبالا کر دیا۔



اجلاس عام سے پہلے ملٹی نیوز لیٹر مورخہ 19-11-2018 کے ذریعے تمام سکیموں میں ترقیاتی کام اور نئے منصوبہ جات کی تفصیل سب ممبران کو ارسال کر دی گئی تھی۔ امید ہے کہ آپ سب نے انہیں بغور پڑھ لیا ہوگا۔ مذکورہ لیٹر اجلاس عام میں ممبران کو تقسیم بھی کیا گیا تھا۔ ہمیں یہ بھی امید ہے کہ اس نیوز لیٹر میں درج شدہ تفصیلات کا ان ممبران نے جو اجلاس عام میں شریک ہوئے ذاتی طور پر مشاہدہ بھی کر لیا ہوگا۔ اجلاس عام کے دوران ممبران کے ساتھ تبادلۂ خیال سے یہ تاثر ابھرا کہ وہ نئے منصوبوں کی پیش رفت اور ترقیاتی کاموں کی رفتار سے بے حد خوش ہیں۔ انہوں نے تمام تفصیلات کا بغور جائزہ لیا اور بعض مقامات پر اپنی ماہرانہ رائے سے بھی سوسائٹی کے متعلقہ لوگوں کو آگاہ کیا۔ انتظامیہ ممبران کی رائے کا بے حد احترام کرتی ہے۔



اجلاس عام کے دوران بلاک G کے ممبران خاصے پرجوش نظر آئے۔ انہیں بلاک G کے مجوزہ نقشے کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ انہیں بتایا کہ یہ بلاک B-17 سکیم کے دیگر بلاکوں کی نسبت اونچائی پر واقع ہے اور زمین زیادہ تر ہموار ہے۔ موٹروے کے ساتھ متصل ہونے کی وجہ سے اس کی اہمیت کافی بڑھ گئی ہے۔ مستقبل میں یہاں انٹر چینج کی تعمیر کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ اسلام آباد کی حدود میں زیر زمین پانی خاص طور پر اہمیت کا حامل ہے۔ یوں تو پورے ملک میں پانی کی مجموعی صورتحال تسلی بخش نہیں ہے۔ جس کے لئے حکومتی سطح پر بہت اقدامات کئے جارہے ہیں۔ بلاک G اس لحاظ سے منفرد اہمیت کا حامل ہے کہ یہاں زیر زمین پانی موجود ہے۔ B-17 سکیم کیلئے آرچرڈ سکیم اور مارگلہ پہاڑیوں کے عقب سے پانی کی فراہمی کے منصوبے بھی زیر غور ہیں۔ جس کی فراہمی بلاک G سے دوسرے بلاکوں میں یقینی بنائی جائے گی۔ اس بلاک میں تھیم پارک اور فارم ہاؤسز کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایک ملٹی پرپز سپورٹس کلب کا جائزہ بھی لیا جارہا ہے۔ امید ہے کہ اس کے قیام سے تفریحی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔

MULTI PURPOSE SPORTS CLUB